Popular Front of India

+91 11 46526919
popularfrontmail@gmail.com
www.popularfrontindia.org
/PopularFrontofIndiaOfficial
@PFIOfficial
/PopularFront EMedia
/pfiofficial

پریس ریلیز

۲۰ر مئی ۲۰۲۱

نئی دہلی

پاپولر فرنٹ کا غریب نواز مسجد کی تعمیر نو اور خاطی افسران کے خلاف کاروائی کا مطالبہ

پاپولر فرنٹ آف انڈیا کے چیئرمین او ایم اے سلام نے اتر پردیش کے بارہ بنکی ضلع انتظامیہ کے ذریعہ غریب نواز مسجد کے انہدام کی مذمت کی ہے۔

او ایم اے سلام نے آج میڈیا کو جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ اتر پردیش کی ایک ضلعی انتظامیہ نے انتہائی مشکوک بنیادوں پر مسلمانوں کی ایک صدی قدیم عبادتگاہ پر بلڈوزر چلا دیا، جس کی وجہ سے مسلمانوں میں دہشت کا ماحول ہے۔

رام سنیہی گھاٹ تحصیل میں واقع غریب نواز مسجد اتر پردیش سنی وقف بورڈ کے تحت رجسٹرڈ مسجد ہے اور اس بات کے تمام رکارڈ موجود ہیں کہ مسلمان وہاں ایک صدی سے نماز پڑھتے چلے آ رہے ہیں۔ تاہم مقامی اہلکاروں نے بڑی آسانی سے اسے ایک غیر قانونی ڈھانچہ قرار دیتے ہوئے اس پر بلڈوزر چلا دیا، حالانکہ ہائی کورٹ کا یہ آرڈر موجود ہے کہ مسجد کو نہ منتقل کیا جائے گا اور نہ منہدم کیا جائے گا۔

پاپولر فرنٹ مسجد کے انہدام اور ہائی کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کی مذمت کرتی ہے۔ ضلع انتظامیہ کی جانب سے یہ صریح خلاف ورزی ویسی ہی ہے جس طرح یوگی کی قیادت میں عام معافی کے احساس کے ساتھ ہندوتوا غنڈے کرتے رہتے ہیں جنہیں قانون یا عوامی حقوق کا کوئی پاس ولحاظ نہیں ہوتا۔ یاد رہے کہ ہندوتوا طاقتوں نے بابری مسجد کے خلاف اپنی مہم کی شروعات بھی اسی طریقے سے نچلی عدالتوں اور مقامی انتظامیہ میں ہیر پھیر کے ذریعہ کی تھی۔ جب تک اس قسم کی کوششوں کی مخالفت میں مسلم برادری اور شہری سماج آگے نہیں آئے گا، ملک میں یہ حملے جاری رہیں گے۔

پاپولر فرنٹ مسجد کی فوری تعمیر نو اور اس انہدامی کاروائی کے ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کرتی ہے۔

ڈائرکٹر، میڈیا و رابطہ عامہ

مرکز، پاپولر فرنٹ آف انڈیا

نئی دہلی

G-78, 2nd Floor, Shaheen Bagh, Kalindi Kunj, Noida Road, New Delhi – 110025